## 7865 ـ کیا ہرسال شوال کے چھ روزے رکھنے لازم ہیں ؟

**سوال**

ایک شخص شوال کے چھ روزے رکھتا رہا لیکن کسی ایک برس وہ مرض یا سستی یا کسی اورمانع کی وجہ سے روزے نہ رکھ سکا توکیا وہ گنہگار ہوگا ، ہم یہ سنتے رہتے ہیں کہ جو ایک برس رکھ لے اس پرواجب ہے کہ وہ روزے رکھنے نہ چھوڑے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

عید الفطر کے بعد شوال میں چھ روزے رکھنے سنت ہیں ، اورجوایک بار رکھے اس پر واجب نہیں کہ وہ مستقل طورپر ہر سال رکھے ، اورکسی ایک سال روزے نہ رکھنے سے گنہگار نہیں ہوگا ۔

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اوران کی آل اورصحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے ۔

واللہ اعلم .